The Daily LAZAWAL, Jammu

RNI Registration No.48984/86

روزنامہ

لازوال

ہمیشہ آپ کے ساتھ

جموں

03

ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی کی ادھم پور میں عوامی دربار، شفافیت اور ترقی پر زور

04

ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ جیتنا ہمارا اگلا ہدف ہے: ہاردک

Volume : 40 | Issue No: 67 Pages:12 | ₹ 5 | Thursday 13 March, 2025 | 30 پھاگن 2081 بکرمی | 12 رمضان 1446 | 13 مارچ 2025 | جمعرات ₹ 5 قیمت: 67 شمارہ نمبر: 40 جلد نمبر:

بجٹ اجلاس: ترقیاتی منصوبے، بنیادی سہولیات اور عوامی مسائل پر تفصیلی بحث

بزنس ایڈوائزری کمیٹی کے قیام پر اپوزیشن اور حکومت میں گرما گرم بحث، تعلیم، صحت اور سماجی بہبود کے مطالباتِ زر پر تحریک تخفیف پیش

جان محمد

جموں//جموں وکشمیر قانون ساز اسمبلی کے بجٹ اجلاس کے نویں روز کی کارروائی اسپیکر عبدالرحیم راتھر کی صدارت میں منعقد ہوئی، جس میں عوامی مسائل، ترقیاتی منصوبے، بنیادی سہولیات اور دیگر اہم امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ دوران اجلاس، وقفہ سوالات، وقفہ صفر اور مطالباتِ زر کے تحت مختلف ارکان اسمبلی نے اپنے حلقوں کے مسائل اجاگر کیے اور وزراء نے ان پر جوابات دیے۔ تاہم، اجلاس کے دوران بزنس ایڈوائزری کمیٹی کے قیام پر اپوزیشن اور حکومتی جماعت میں سخت بحث وتکرار دیکھنے کو ملی۔ اپوزیشن ارکان نے کارروائی کے وقت میں توسیع کا مطالبہ کیا جبکہ تعلیم، صحت، سماجی بہبود اور اعلیٰ تعلیم کے مطالباتِ زر پر متعدد ارکان نے تحریک تخفیف بھی پیش کی۔ مختلف ارکان نے سڑکوں کی توسیع، کھیلوں کے فروغ، طبی سہولیات، تعلیمی بہتری اور دیگر عوامی فلاحی امور پر حکومت کی توجہ مبذول کرائی۔ اجلاس کے آخر میں اسپیکر نے اسمبلی کی کارروائی کل تک کے لیے ملتوی کرنے کا اعلان کیا۔ وحید پرہ نے ایوان میں اتحاد المسلمین پر پابندی کا معاملہ اُبھارنا چاہا تاہم اسپیکر نے اُن کی طرف کوئی توجہ نہ دی۔

وقفہ سوالات میں چندر پرکاش گنگا نے سلمیری گاؤں میں اسٹیڈیم کی تعمیر سے متعلق سوال اٹھایا، جس پر وزیر زراعت جاوید احمد ڈار نے بتایا کہ یوتھ سروسز اینڈ اسپورٹس ڈیپارٹمنٹ نے لانگویشنگ اور کمپلیکس بجٹ کے تحت 3 کروڑ روپے کی لاگت سے ایک منی اسٹیڈیم تعمیر کیا ہے، جبکہ اس اسٹیڈیم تک پہنچنے والی سڑکوں کی تعمیر محکمہ تعمیرات عامہ کے ذریعے کی جائے گی۔ اس معاملے پر سرجیت سنگھ سلاتھیہ نے بھی ضمنی نکتہ اٹھایا۔ اسی دوران، علی محمد ڈار نے تنی پورہ سے یوسمرگ تک سڑک کی توسیع پر سوال کیا، جس کے جواب میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے بتایا کہ حال ہی میں معزز ایم ایل اے چاڈورہ حلقہ کی جانب سے سری نگر-چرار شریف-یوسمرگ روڈ کو چار لین (پہلا مرحلہ) میں تبدیل کرنے کے لیے ڈی پی آر کی تیاری سے متعلق سفارش موصول ہوئی ہے، جس میں تنی پورہ سے چاڈورہ ٹاؤن (لمبائی 12 کلومیٹر) شامل ہے، اور یہ تجویز زیر غور ہے۔

رکن اسمبلی دلیپ سنگھ پریہار نے سوج دھار بھدرواہ میں کیبل کار منصوبے پر سوال کیا، جس پر وزیر جاوید احمد ڈار نے ایوان کو آگاہ کیا کہ نیشنل ہائی ویز لاجسٹکس مینجمنٹ لمیٹڈ نے 25 جولائی 2025 کو ایک نوٹس جاری کیا ہے، جس میں اہل مشیروں سے ڈوڈہ ضلع میں بھدرواہ-سوج دھار پروجیکٹ کے لیے تفصیلی پروجیکٹ رپورٹ (ڈی پی آر) تیار کرنے کے لیے بولیاں طلب کی گئی ہیں۔ اسی طرح، رکن اسمبلی ارجن سنگھ راجو نے رامبن-میترا سڑک پر چناب پل کی تعمیر میں تاخیر، ادائیگیوں کی تفصیلات اور تکمیل کی متوقع تاریخ کے بارے میں سوال اٹھایا، جس کے جواب میں نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چوہدری نے بتایا کہ دریائے چناب پر میترا رامبن پل کی تعمیر این ایچ اے آئی کی پابندیوں کے باعث تاخیر کا شکار ہوئی ہے۔ تاہم، اب اسے پرانے نیشنل ہائی وے سے جوڑنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پل کی اونچائی 8.5 میٹر اور لمبائی 300 میٹر کر دی گئی ہے۔ میترا سائیڈ پر گینٹری نصب ہو چکی ہے، جبکہ رامبن سائیڈ پر پیر ہیڈ کا کام جاری ہے اور کاسٹنگ کا عمل تیز رفتاری سے مکمل کیا جا رہا ہے۔

رکن اسمبلی خورشید احمد نے قبائلی برادری کی سیلاب کے دوران نقل مکانی کے حوالے سے سوال کیا، جس پر نائب وزیر اعلیٰ نے بتایا کہ گزشتہ دو سال کے دوران گلاب گڑھ حلقے میں قبائلی برادری کو شدید بارشوں یا سیلاب کے باعث کسی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی۔ اسی طرح، ستیش کمار شرما نے ادھم پور روڈ کو دو لین سے چار لین میں اپ گریڈ کرنے سے متعلق سوال کیا، جس کے جواب میں بتایا گیا کہ یہ تجویز پروجیکٹ سمپرک (بی آر او) کے تحت دی گئی ہے اور مزید منظوری کے لیے 9 ستمبر 2024 کو نادرن کمانڈ کو بھیجا گیا ہے۔ اس پر دیگر ارکان، آر ایس پٹھانیہ، پون گپتا اور بلونت سنگھ منکوٹیہ نے بھی اس سڑک کو دفاعی اعتبار سے اہم قرار دیتے ہوئے اسے چہار گلیارہ بنانے کے اقدامات کی مانگ کی۔

اسمبلی کارروائی کے دوران بزنس ایڈوائزری کمیٹی نہ بنائے جانے پر اپوزیشن اور حکومتی ارکان کے درمیان شدید بحث وتکرار ہوئی۔ نیشنل کانفرنس اور بی جے پی ارکان کے درمیان تلخ کلامی دیکھنے کو ملی، جبکہ شام لال شرما نے اعتراض کیا کہ بزنس ایڈوائزری کمیٹی نہ بنانے سے ایوان کے تقدس کو نقصان پہنچا ہے۔ قائد حزب اختلاف سنیل شرما نے کہا کہ بزنس ایڈوائزری کمیٹی کے بغیر کارروائی غیر مؤثر ہے اور اس پر نظرثانی ہونی چاہیے۔ شام لال شرما اور وزیر صحت وطبی تعلیم کے مابین خوب نوک جھونک ہوئی۔

وزیر برائے صحت و طبی تعلیم، سماجی بہبود اور تعلیم ///....100

ہم پابندیوں کے فیصلوں کے حق میں کبھی نہیں رہے: عمر عبداللہ

گلمرگ فیشن شو میں اگر قانون کے خلاف کوئی بات ہوئی ہے تو اس پر کارروائی ہوگی

یو این آئی

سری نگر//روزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے عوامی ایکشن کمیٹی اور اتحاد المسلمین پر عائد پابندی کے بارے میں کہا ہے کہ وہ کبھی بھی ان فیصلوں کے حق میں نہیں رہے ہیں۔ انہوں نے کہا: ''یہ پابندی کس بنیاد پر لگا دی گئی ہے میں اس کے بارے میں کچھ بھی نہیں جانتا ہوں کیونکہ یہ منتخب

حکومت کے دائرہ اختیار میں نہیں ہے''۔ وزیر اعلیٰ نے ان باتوں کا اظہار بدھ کو گلمرگ میں کھیلو انڈیا سرمائی کھیلوں کے پانچویں ایڈیشن کی اختتامی تقریب کے حاشیے پر نامہ نگاروں کے ساتھ بات کرنے کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا: ''یہ (پابندی) کن بنیادوں پر لگا دی گئی ہے، میں نہیں جانتا ہوں، یہ چیزیں منتخب حکومت کے دائرہ اختیار میں نہیں ہیں اور جس انتخابی جنس کی بنیاد پر ایسا کیا گیا وہ بھی ہمارے ساتھ شیئر نہیں ///...101

سانبہ میں گھر گھر تلاشی، لوگوں سے پوچھ گچھ

یو این آئی

جموں//جموں وکشمیر پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کی صدر محبوبہ مفتی نے عوامی ایکشن کمیٹی اور اتحاد المسلمین پر پابندی عائد کرنے پر سخت ناراضگی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر میر واعظ ملک مخالفت ہوتے تو مرکزی سرکار انہیں ہرگز سیکورٹی فراہم نہیں کرتی۔ ان باتوں کا اظہار محبوبہ مفتی نے سری نگر میں نامہ نگاروں سے بات چیت کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ میر واعظ مولوی عمر فاروق کی عوامی ایکشن کمیٹی پر پابندی عائد کرنے کا کوئی جواز ہی نہیں بنتا ہے۔ محبوبہ مفتی نے کہا: مجھے یہ سمجھ ہی نہیں آرہا ہے کہ ایک طرف سرکار میر واعظ کی نزاکت کو سمجھ کر انہیں زڈ بلیس سیکورٹی کے دائرے میں لاتی ہے اور دوسری طرف ان کی پارٹی پر پابندی عائد کی جاتی ہے جو میری سمجھ سے کوسوں دور ہے۔''

انہوں نے سوالیہ انداز میں کہا کہ مرکزی حکومت ///.....103

جموں//جموں وکشمیر پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کی صدر محبوبہ مفتی نے عوامی ایکشن کمیٹی اور اتحاد المسلمین پر پابندی عائد کرنے پر سخت ناراضگی کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر میر واعظ ملک مخالفت ہوتے تو مرکزی سرکار انہیں ہرگز سیکورٹی فراہم نہیں کرتی۔ ان باتوں کا اظہار محبوبہ مفتی نے سری نگر میں نامہ نگاروں سے بات چیت کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ میر واعظ مولوی عمر فاروق کی عوامی ایکشن کمیٹی پر پابندی عائد کرنے کا کوئی جواز ہی نہیں بنتا ہے۔ محبوبہ مفتی نے کہا: مجھے یہ سمجھ ہی نہیں آرہا ہے کہ ایک طرف سرکار میر واعظ کی نزاکت کو سمجھ کر انہیں زڈ بلیس سیکورٹی کے دائرے میں لاتی ہے اور دوسری طرف ان کی پارٹی پر پابندی عائد کی جاتی ہے جو میری سمجھ سے کوسوں دور ہے۔''

انہوں نے سوالیہ انداز میں کہا کہ مرکزی حکومت ///.....103

میر واعظ خود وکٹم ہے، ان کی پارٹی پر پابندی عائد کرنا حیران کن: محبوبہ مفتی

کہا اگر میر واعظ ملک مخالفت ہوتے تو مرکزی سرکار انہیں ہرگز سیکورٹی فراہم نہیں کرتی

چیت کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ میر واعظ مولوی عمر فاروق کی عوامی ایکشن

لائن آف کنٹرول پر اسنائپر حملہ، فوجی جوان زخمی

لازوال ڈیسک

جموں//جموں وکشمیر کے راجوری ضلع کے نوشہرہ سیکٹر میں بدھ کی صبح اسنائپر حملے میں ایک فوجی جوان شدید طور پر زخمی ہوا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ زخمی فوجی جوان کی حالت اسپتال میں نازک بنی ہوئی ہے۔ اطلاعات کے مطابق بدھ کی صبح فوجی جوان نوشہرہ سیکٹر میں لائن آف کنٹرول پر معمول کی پیٹرولنگ پر تھے کہ اسی اثنا میں فوجی جوان پر اسنائپر ///.....104

میر واعظ کی پارٹی پر پابندی عائد کرنا سمجھ سے بالا تر: طارق حمید قرہ

کہا کانگریس کی یہ تاریخ رہی ہے کہ مسائل کو بات چیت کے ذریعے حل کرنے کی سعی کی جائے

لازوال ڈیسک

جموں//جموں وکشمیر پردیش کانگریس کمیٹی کے صدر طارق حمید قرہ کا کہنا ہے کہ جن لوگوں کے ساتھ پس پردہ بات چیت کا سلسلہ جاری تھا اچانک ان پر پابندی عائد کرنا سمجھ سے باہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی وزارت داخلہ کو اس حوالے سے مکمل جانکاری فراہم کرنی چاہیئے کہ عوامی ایکشن کمیٹی اور اتحاد المسلمین پر کن وجوہات پر پابندی عائد کی گئی۔ ان باتوں کا اظہار موصوف نے اسمبلی کے ///.....105

عوامی ایکشن کمیٹی پر پابندی عائد کرنا بدقسمتی ہے: نظام الدین بٹ

کہا ملی ٹینسی کے دور دورہ میں بھی عوامی ایکشن کمیٹی کے خلاف کوئی شکایت نہیں آئی

لازوال ڈیسک

جموں//کانگریس کے سینئر لیڈر اور ممبر اسمبلی بانڈی پورہ نظام الدین بٹ نے بدھ کے روز کہا کہ عوامی ایکشن کمیٹی پر پابندی عائد کرنا بدقسمتی کی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب وادی میں ملی ٹینسی کا دور دورہ تھا تب بھی عوامی ایکشن کمیٹی کے خلاف کوئی شکایت نہیں آئی۔ ان کے مطابق اس معاملے پر مرکزی وزارت داخلہ کو جموں وکشمیر کی سرکار کو اعتماد میں لینا چاہیئے تھا۔ ان باتوں کا اظہار موصوف نے اسمبلی کے باہر نامہ نگاروں سے بات چیت کے دوران کیا۔

انہوں نے کہا //...106

سانبہ میں پی آئی اے طیارے کی شکل کا پاکستانی غبارہ برآمد: پولیس

یو این آئی

جموں//جموں وکشمیر کے سانبہ ضلع کے گاگوال سیکٹر میں بدھ کی صبح سیکورٹی فورسز نے ایک جہاز نما غبارے کو برآمد کیا جس پر پی آئی اے لکھا ہوا تھا۔ دفاعی ذرائع نے اسکی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ بین الاقوامی کنٹرول لائن کے نزدیک گاگوال سیکٹر میں فوج نے ایک جہاز نما غبارہ، جس پر پی ///.....107

حکومت عارضی ملازموں کے مسائل کو حل کرنے کے لئے سنجیدہ ہے: نائب وزیر اعلیٰ

کمیٹی کی رپورٹ آنے کے بعد اگلے بجٹ میں ان کے متعلق جو کرنا ہوگا وہ کیا جائے گا

لازوال ڈیسک

جموں// نائب وزیر سریندر چودھری کا کہنا ہے کہ حکومت عارضی ملازموں کے مسائل کو حل کرنے کے لئے سنجیدہ ہے۔ انہوں نے کہا: 'جتنے بھی ہمارے عارضی ملازمین ہیں سرکار کو ان کے ساتھ ہمدردی ہے اور ان کو مستقل کرنا چاہتی ہے'۔ نائب وزیر اعلیٰ نے ان باتوں کا اظہار بدھ کو یہاں نامہ نگاروں کے ساتھ بات کرنے کے دوران کیا ///...108

پاکستان ایک ناکام ریاست، دہشت گردی کا بنیادی محرک: ڈاکٹر طاہر چودھری

بھارت پاکستان کی ناپاک سرگرمیوں کو پوری دنیا کے سامنے بے نقاب کرتا رہے گا: ڈاکٹر پردیپ مہوترا

جان محمد

جموں//بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے ترجمان ڈاکٹر طاہر چودھری نے پاکستان کو عالمی دہشت گردی کا ''اصل مرکز'' اور ''ناکام ریاست'' قرار دیتے ہوئے سخت مذمت کی ہے۔ اُنہوں نے یہ بیان بی جے پی میڈیا انچارج ڈاکٹر پردیپ مہوترا اور پارٹی رہنما سریندر سنگھ گپتا کی موجودگی میں تریکوٹہ نگر، جموں میں پارٹی ہیڈکوارٹر میں ایک پریس کانفرنس کے دوران دیا۔ ڈاکٹر طاہر چودھری کے

یہ ریمارکس بلوچستان میں جعفر ایکسپریس کے اغوا اور حالیہ دہشت گردانہ حملے کے پس منظر میں سامنے آئے، جس میں کم از کم 27 عسکریت پسند ہلاک اور 37 مسافر زخمی ہوئے۔ ڈاکٹر طاہر چودھری نے حملے کی سخت مذمت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی اپنی سرزمین پر باغی گروہوں کو قابو میں رکھنے میں ناکامی نے خطے میں مزید عدم استحکام پیدا کیا ///....109

عوامی ایکشن کمیٹی اور اتحاد المسلمین پر پابندی منسوخ کی جانی چاہیئے: وحید پرہ

حکومت ہند اور بی جے پی حکومت باقی جماعتوں پر عائد پابندیوں پر نظرثانی کرے

لازوال ڈیسک

جموں// پی ڈی پی لیڈر اور رکن اسمبلی وحید پرہ نے مرکزی حکومت کی طرف سے عوامی ایکشن کمیٹی اور اتحاد المسلمین پر پابندی کو بدقسمتی سے تعبیر کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان جماعتوں پر پابندیوں کو منسوخ کیا جانا چاہیئے۔ انہوں نے کہا، 'میر واعظ عمر فاروق پہلے وہ لیڈر ہیں جنہوں نے پارلیمنٹ کے ساتھ ایک عمل شروع کیا اور وقف بل پر بھی بات کرنے کی کوشش کی'۔ واضح رہے کہ مرکزی حکومت نے میر واعظ عمر فاروق کی قیادت والی عوامی ایکشن کمیٹی اور مولانا مسرور عباس انصاری کی قیادت میں چلنے والی اتحاد المسلمین پر غیر قانونی سرگرمیاں (روک تھام) ایکٹ 1967 کے تحت پانچ سال کی پابندی عائد کر دی۔

موصوف لیڈر نے اس پر اپنا ردعمل ظاہر کرتے ہوئے بدھ کو یہاں میڈیا کو بتایا: 'یہ بہت بدقسمت آرڈر ہے! میر واعظ عمر فاروق پہلے وہ لیڈر ہیں جنہوں نے پارلیمنٹ کے ساتھ ایک عمل شروع کیا اور وقف بل ///.....110